# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 15 November-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۵/نومبر ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ فہرست رائے دہندگان کی تصحیح کے کاموں میں سبھی سیاسی جماعتوں سے تعاون کرنے کی وزیراعظم کی اپیل۔

☆ بہار اسمبلی انتخابات میں این ڈی اے کی 202 نشستوں پر فتح؛عظیم اتحاد کی 35 نشستوں پر کامیابی۔

☆ میونسپل کاؤنسل اور نگر پنچایتوں کے انتخابات کے کاغذاتِ نامزدگی آف لائن طریقے سے بھی داخل کیے جاسکیں گے۔

☆ مجسمہ ساز رام سُتار کو رواں سال کا مہاراشٹر بھوشن ایوارڈ تفویض۔

☆ معروف اداکارہ کامنی کوشل کا طویل العمری کے باعث انتقال۔

اور۔۔۔☆ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کیلئے آئندہ دو دن تک سردی کا یلو الرٹ جاری۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے تمام سیاسی جماعتوں سے فہرستِ رائے دہندگان کی تصحیح کے کاموں میں تعاون کرنے کی اپیل کی ہے۔وزیرِ اعظم کل بہار اسمبلی انتخابات کے نتائج کے اعلان کے بعد دہلی میں بھارتیہ جنتا پارٹی کے دفتر میں کارکنان سے خطاب کررہے تھے۔انہوں نے کہا:

**Byte: Prime Minister Narendra Modi**

وزیراعظم نے مزید کہا کہ ان کی حکومت چھٹ پوجا کو یونیسکو کی عالمی ثقافتی ورثے کی فہرست میں شامل کرنے کیلئے کوشاں ہے۔انھوں نے بتایا کہ اس کا مقصد ملک سمیت پوری دنیا کو اس ثقافت کے بارے میں واقف کروانا ہے۔ بہار کے نتائج کو عوامی رائے قرار دیتے ہوئے وزیرِ اعظم نے کہا کہ اس سے ہمیں عوام کی خدمت کرنے اور نئے عزائم کے ساتھ کام کرنے کی طاقت ملی ہے،وزیر اعظم نے بہار کی عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ:

**Byte: Prime Minister Narendra Modi**

ان انتخابات میں قومی جمہوری اتحاد-این ڈی اے نے 243 اسمبلی نشستوں میں سے 202 نشستوں پر کامیابی درج کرتے ہوئے زبردست اکثریت حاصل کی ہے۔جس میں بھارتیہ جنتا پارٹی کو 89، متحدہ جنتا دل کو 85 اور مرکزی وزیر چراغ پاسوان کی لوک جن شکتی پارٹی کو 19 نشستوں پر کامیابی حاصل ہوئی۔ جبکہ اس کے برعکس کانگریس اور راشٹریہ جنتا دل کے عظیم اتحاد کو صرف 35 نشستوں پر اکتفا کرنا پڑا۔جس میں آر جے ڈی کو 25 اور کانگریس کو چھ نشستوں پر کامیابی حاصل ہوئی ہے۔

مرکزی وزیر جیتن رام مانجھی کی ہندوستانی عوام مورچہ کو پانچ اور جنتا دل یونائیٹڈ سے علیحدہ ہونے والی اپیندر کشواہ کے راشٹریہ لوک مورچہ کو چار نشستیں حاصل ہوئیں۔

دیگر جماعتوں میں، مجلس اتحاد المسلمین ۔ایم آئی ایم نے پانچ، کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا نے دو اور کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا ۔مارکسسٹ ، بھارتیہ شمولیت پارٹی اور بہوجن سماج پارٹی نے ایک ایک نشست پر جیت حاصل کی ۔ پرشانت کشور کی جن سوراجیہ[4] پارٹی ایک بھی نشست نہیں جیت سکی ۔

***** ***** *****

ملک بھر میں آٹھ اسمبلی حلقوں کے ضمنی انتخابات کے نتائج کا بھی کل اعلان کر دیا گیا۔ان میں بی جے پی اور کانگریس نے دو، دو نشستوں پر فتح حاصل کی، جبکہ عام آدمی پارٹی، جھارکھنڈ مکتی مورچہ، میزو نیشنل فرنٹ اور پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی نے ایک ایک نشست جیتی ہے۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس، نائب وزرائے اعلیٰ اجیت پوار اور ایکناتھ شندے نے اس جیت پر این ڈی اے کی تمام حلیف جماعتوں کو مبارکباد دی۔چھترپتی سمبھا جی نگر، جالنہ اور لاتور میں بی جے پی کے عہدیداروں اور کارکنوں نے اس فتح کا زبردست جشن منایا۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

جموں وکشمیر کے سری نگر سے قریب واقع نوگاؤں کے ایک پولس اسٹیشن میں کل ایک بڑا دھماکہ ہوا۔ ہریانہ کے فرید آباد میں ضبط کی گئیں دھماکہ خیز اشیا کے نمونے حاصل کرنے کے دوران یہ دھماکہ ہونے کی اطلاع متعلقہ خبروں میں دی گئی ہے۔ دیر رات ہوئے اس حادثے میں متعدد پولس اہلکاروں سمیت ماہرین قانون کے شدید زخمی ہونے کا امکان ہے۔

***** ***** *****

نگر پریشد اور نگر پنچایت کے انتخابات کیلئے امیدوار اپنے پرچۂ نامزدگی آن لائن کے علاوہ آف لائن طریقے سے بھی جمع کرا سکیں گے۔ ریاستی انتخابی کمیشن نے تمام انتخابی فیصلہ افسران کو آج سنیچر اور کل اتوار کو چھٹی کے دِن بھی کاغذات نامزدگی قبول کرنے کا حکم دیا ہے۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے شدید بارش اور سیلاب کی وجہ سے بہہ جانے والی زرعی زمینات کو قابلِ کاشت بنانے کیلئے مٹی، گال اور مُرم وغیرہ مفت فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔محکمہ محصول نے گزشتہ روز اس سلسلے میں ایک سرکلر جاری کیا۔متعلقہ خبر میں واضح کیا گیا ہے کہ پانچ براس کی معدنیات کو املاک ٹیکس سے استثنیٰ دیا جائے گا۔

***** ***** *****

معروف مجسمہ ساز رام سُتار کو کل وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کے ہاتھوں ''مہاراشٹر بھوشن'' ایوارڈ تفویض کیا گیا۔ یہ ایوارڈ ایک مومنٹو، سپاسنامہ اور 25 لاکھ روپے نقد انعام پر مشتمل ہے۔اتر پردیش کے نوئیڈا میں سُتار کی رہائش گاہ پر یہ تقریب منعقد ہوئی۔

***** ***** *****

ملک کے پہلے وزیرِ اعظم پنڈت جواہر لال نہرو کو کل ان کی یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا گیا۔اس مناسبت سے گذشتہ روز ''یوم اِطفال'' بھی منایا گیا،ممبئی کے راج بھون میں پنڈت نہرو کی شبیہہ پر پھول نچھاور کر کے انھیں خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں بھی میونسپل کارپوریشن سمیت تعلیمی اداروں نے پنڈت نہرو کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ اننت راؤ بھالے راؤ کا یوم پیدائش بھی کل اننت بھالے راؤ اسکول میں جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔

***** ***** *****

معروف اداکارہ کامنی کوشل کل ممبئی میں اپنی رہائش گاہ پر طویل العمری اور علالت کے باعث انتقال کرگئیں۔ وہ 98 برس کی تھیں۔ 24 فروری 1927 کو لاہور میں پیدا ہونے والی کامنی کوشل نے اپنے فلمی کیریئر کا آغاز 1946 میں ریلیز ہونے والی فلم نیچا نگر سے کیا تھا۔ یہ فلم کانز فلم فیسٹیول میں اس سال کی بہترین فلم قرار پائی تھی۔ اس کے بعد 1948 میں دلیپ کمار کے ساتھ فلم ندیا کے پار، راج کپور کے ساتھ آگ اور دیو آنند کے ساتھ شاعر سے لے کر 2022 میں ریلیز ہونے والی عامر خان کی فلم لال سنگھ چڈھا تک کامنی کوشل نے مختلف کردار ادا کیے۔ کامنی کوشل کی موت سے اداکاری کے شعبے میں ایک عہد کا خاتمہ ہوجانے کے تاثرات ظاہر کیے جارہے ہیں۔

***** ***** *****

کولکتہ کے ایڈن گارڈن میں کل سے شروع ہوئے پہلے ٹیسٹ کرکٹ میچ میں بھارت نے جنوبی افریقہ کو 159 رنز پر آؤٹ کردیا۔ مہمان ٹیم نے ٹاس جیت کر پہلے بلّے بازی کا فیصلہ کیا۔ تاہم' افریقی ٹیم کے بلے باز بھارتی گیند بازوں کے خلاف مزاحمت نہیں کرسکے۔ جسپریت بمراہ نے صرف 27 رنز کے عوض پانچ وکٹیں حاصل کیں' جبکہ محمد سراج اور کلدیپ یادو نے دو۔ دو اور اکشر پٹیل نے ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

کل پہلے دن کا کھیل ختم ہونے تک بھارت نے اپنی پہلی اننگ میں ایک وکٹ پر 37 رنز بنائے تھے۔ یشسوی جیسوال 12 رن پر آؤٹ ہوگئے جبکہ کے ایل راہل 13 اور واشنگٹن سندر چھ رنز بنا کر کریز پر موجود ہے۔

***** ***** *****

بھارت کے لکشئے سین جاپان میں کماموٹو ماسٹرز بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل میں داخل ہوگئے ہیں۔ لکشیئے سین نے کل گذشتہ عالمی چمپئن سنگاپور کے لوہ کین یو کو 21-13، 21-17 سے شکست دی۔ لکشیے سین کا مقابلہ آج سیمی فائنل میں جاپان کے کینتا نشیموتو سے ہوگا۔

***** ***** *****

ریاست میں کل سب سے کم درجہ حرارت کل جلگاؤں میں 9 اعشاریہ پانچ ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ جبکہ گوندیا اور ناسک میں تقریباً 10 اعشاریہ پانچ ڈگری سیلسیس درجہ حرارت ریکارڈ ہوا۔ مراٹھواڑہ کے بیڑ میں 11 ڈگری، پربھنی میں 12 اعشاریہ پانچ ڈگری، چھترپتی سمبھاجی نگر 13 ڈگری اور دھاراشیو میں 14 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

دریں اثنا' مراٹھواڑہ میں، کل اور پرسوں چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کیلئے سردی کا یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے جبکہ جالنہ اور بیڑ میں پرسوں کیلئے الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ فہرست رائے دہندگان کی تصحیح کے کاموں میں سبھی سیاسی جماعتوں سے تعاون کرنے کی وزیراعظم کی اپیل۔

☆ بہار اسمبلی انتخابات میں این ڈی اے کی 202 نشستوں پر فتح؛ عظیم اتحاد کی 35 نشستوں پر کامیابی۔

☆ میونسپل کاؤنسل اور نگر پنچایتوں کے انتخابات کے کاغذاتِ نامزدگی آف لائن طریقے سے بھی داخل کیے جاسکیں گے۔

☆ مجسمہ ساز رام سُتار کو رواں سال کا مہاراشٹر بھوشن ایوارڈ تفویض۔

☆ معروف اداکارہ کامنی کوشل کا طویل العمری کے باعث انتقال۔

اور۔۔۔☆ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کیلئے آئندہ دو دن تک سردی کا یلو الرٹ جاری۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****